## سوال

(845) خاوند ناپسند ہونے کی وجہ سے عورت کا خلع طلب کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت اپنے شوہر کو ناپسند کرتی ہے اور خلع کا مطالبہ کرتی ہے اور کہتی ہے کہ اگر تو نے مجھے علیحدہ نہ کیا تو میں خودکشی کر لوں گی، چنانچہ ولی نے عورت کو علیحدہ کر دینے کے لیے شوہر پر جبر کیا۔ پھر عورت نے کسی اور سے نکاح کر لیا، حالانکہ پہلا شوہر اس کا خواہش مند تھا، اور وہ کہتا ہے کہ میں نے جبر کے تحت اسے علیحدہ کیا ہے، مگر عورت ہے کہ دوسرے کو چاہتی ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر پہلے شوہر کو بجا طور پر مجبور کیا گیا ہو مثلا وہ بیوی کے واجبات ادا نہ کرتا ہو یا ناحق طور پر قول یا فعل سے دکھ دیتا ہو تو یہ فرقت اور علیحدگی درست ہے اور نکاح ثانی بھی صحیح ہے، اور یہ عورت دوسرے مرد کی بیوی ہے۔

اور اگر پہلے شوہر کو علیحدگی کے لیے مار کر یا قید کر کے مجبور کیا گیا ہو جبکہ وہ اس کے ساتھ اچھے انداز سے معاملہ کرتا تھا تو یہ علیحدگی نہیں ہو گی۔

ہاں اگر عورت شوہر کو ناپسند کرتی ہو اور شوہر اس کے ساتھ معروف کا معاملہ کرتا ہو تو وہ شوہر سے علیحدگی کا مطالبہ کر سکتی ہے لیکن شوہر پر اسے لازم نہیں کیا جا سکتا۔ اگر شوہر یہ مطالبہ تسلیم کر لے تو بہتر ورنہ عورت سے کہا جائے گا کہ صبر سے کام لے، جب تک کہ کوئی ایسی صورت سامنے نہ آئے جو فسخ کو مباح بنا دے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 594**